THE VEHARI CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY
ایوانِ صنعت و تجارت وہاڑی
Recognized by the Government of Pakistan

**حوالہ نمبر :** 11/26/08-04
**تاریخ :** 17 اگست 2026
**(نوٹس)**

تمام اہل ووٹرز، وہاڑی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری۔

**عنوان :** ضوابط و طریقہ کار (SOP) برائے اجراء / جمع نامزدگی فارم و فیس دو سالہ انتخابات 2026–2028۔

**محترم ممبران،**
مطلع کیا جاتا ہے کہ دو سالہ انتخابات 2026–2028 کے لیے نامزدگی فارم کا اجراء اور جمع کروایا جانا درج ذیل طریقہ کار کے مطابق ہوگا:

**1۔ نامزدگی فارم کا حصول:**
امیدوار مقررہ الیکشن شیڈول کے دوران VCCI کے مقرر کردہ دفتر / کاؤنٹر سے ذاتی طور پر نامزدگی فارم حاصل کرے گا۔

**2۔ مجاز نمائندہ:**
اگر امیدوار ذاتی طور پر فارم حاصل کرنے سے قاصر ہو، تو وہ **100 روپے کے اسٹامپ پیپر** پر باقاعدہ تیار کردہ "اتھارٹی لیٹر" (اجازت نامہ) کے ذریعے کسی نمائندے کو نامزد کر سکتا ہے۔ مجاز نمائندہ مقررہ شیڈول کے دوران VCCI کے مقررہ دفتر / کاؤنٹر سے فارم حاصل کر سکتا ہے یا VCCI کی سرکاری ویب سائٹ www.vcci.org.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتا ہے۔

**3۔ نامزدگی فارم فیس:**
نامزدگی فارم کے حصول کے وقت **-/25,000 روپے** (پچیس ہزار روپے) غیر قابلِ واپسی کا پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام **"The Vehari Chamber of Commerce & Industry"** درخواست کے ساتھ جمع کروانا لازمی ہے) درخواست کا نمونہ VCCI کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے (مقررہ فیس کی عدم ادائیگی کی صورت میں کوئی نامزدگی فارم جاری نہیں کیا جائے گا۔)
نامزدگی فارم ای میل، ڈاک، کوریئر، واٹس ایپ یا کسی بھی دوسرے ذریعے سے نہ تو جاری کیے جائیں گے، نہ ہی قبول کیے جائیں گے۔ امیدوار کی ذاتی موجودگی یا مجاز نمائندے کے ذریعے جمع کروانے کے مقررہ طریقہ کار کی سختی سے پابندی کی جائے گی۔ تمام خواہش مند امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مکمل طور پر پُر شدہ فارم تمام مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ مقررہ وقت کے اندر جمع کروانا یقینی بنائیں۔

مذکورہ اتھارٹی لیٹر اور درخواست کا نمونہ:

1. VCCI کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دیا گیا ہے۔
2. VCCI کی سرکاری ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

وہاڑی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری تمام اہل ممبران کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ انتخابی عمل میں فعال طور پر حصہ لیں اور اپنا ووٹ کاسٹ کر کے اپنے جمہوری حق کا استعمال کریں۔

Zahid
**زاہد سعید**
سیکرٹری جنرل۔

**ارسال بجانبِ اطلاع:**
1۔ ریگولیٹر آف ٹریڈ آرگنائزیشنز، اسلام آباد۔
2۔ الیکشن کمیشن۔

148, Block L, Faisal Town, Vehari (Punjab) Pakistan
TEL #: +92 67 33 66464, FAX #: +92 67 33 66565, URL: www.vcci.org.pk , Email: info@vcci.org.pk,